زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ کرزئی کا حشر پرویز مشرف سے بھی ابتر ہوگا۔ (گلبدین حکمت یار)

ہماری تو دعا ہے　　مارنے والا خدا ہے

☆ معاہدے قرآنی الفاظ یا حدیث نہیں، تبدیلی ہوسکتی ہے۔ (زرداری)

مگر قرآن و حدیث کہتے ہیں ''معاہدے کا پاس کیا جائے''

☆ چینی، دال، چنا، چائے، پیاز، آلو سمیت ۲۶، اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ۔ (ایک خبر)

غریب کشی دی حد ہو گئی
کل نالوں وَد ہو گئی

☆ ڈاکٹر قدیر کو صدر بنایا جائے۔ (عدلیہ بچاؤ کمیٹی کا ریفرنڈم)

مگر عوام کی کون سنتا ہے؟

☆ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے وہ ہر متکبر کا سر نیچا کرتی ہے۔ (ڈاکٹر قدیر خان)

نہ جا اُس کے تحمل پر کہ بے ڈھب ہے گرفت اُس کی
ڈر اس کی دیر گیری سے کہ ہے سخت انتقام اُس کا

☆ زرداری، مشرف کے سکول فیلو نکلے۔ (ایک خبر)

خدا کرے کارکردگی میں سکول فیلو نہ ہوں

☆ سیکورٹی خدشات، ۱۶ کروڑ کے گھر میں، مشرف کی رہائش غیر یقینی ہے۔ (دی ٹائمز)

دوسروں کو پریشان کرنے والا کیسے یقین سے رہ سکتا ہے؟

☆ مشرف نے ۵۰۰ ۷ پاکستانی امریکہ کے حوالے کیے، سخت سزا دی جائے۔ (ڈاکٹر قدیر)

خدا ہی پوچھے گا ان بتوں سے
مظلوم لوگوں کی یہ دعا ہے

☆ ملک میں ۶۲ واں یومِ آزادی قومی جوش وجذبے سے منایا گیا۔ (ایک خبر)

آزادی! ریٹ بے دریغ بڑھانے کی آزادی، مادر پدر آزادی، اخلاق باختگی کی آزادی۔ اللہ خیر کرے!